PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

اعجاز احمد کو قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کا ہیڈ کوچ مقرر کردیا گیا

- اعجاز احمدآج شام 4:30 بجے پی سی بی پیٹرنز انکلوزر میں پریس کانفرنس کریں گے

لاہور،26 اگست 2019ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے سابق کرکٹر اعجاز احمد کو 3 سال کے لیے قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کا ہیڈ کوچ مقرر کردیا ہے۔ پی سی بی کی جانب سے نئی تقرری کا اعلان آج کیا گیاہے۔

سابق کرکٹر اعجاز احمد 2008 سے کوچنگ کی ذمہ داریاں نبھارہے ہیں۔ اعجاز احمد قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ رہنے کے ساتھ ساتھ اسسٹنٹ کوچ بھی رہ چکے ہیں۔
اعجاز احمد اس سے قبل بھی قومی اے اور انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ کی حیثیت سے ذمہ داریاں نبھا چکے ہیں۔

اعجاز احمد قومی اے اور انڈر 16 کرکٹ ٹیموں کے ساتھ بھی کام کریں گے۔اعجاز احمد اے سی سی انڈر 19 ایشیاکپ کے بعد اپنے عہدے کا چارج سنبھالیں گے۔ایونٹ 5 سے 14 ستمبر تک کولمبو میں جاری رہے گا۔

اعجاز احمد کی پہلی اسائنمنٹ آئندہ ماہ کینیا میں شیڈول 8 ملکی ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں قومی اے کرکٹ ٹیم کے ساتھ ذمہ داری نبھانا ہوگی۔ پاکستان جونیئر کرکٹ ٹیموں کی رواں سال دیگر مقابلوں میں بنگلہ دیش انڈر 16 کرکٹ ٹیم کی اکتوبر میں میزبانی اور نومبر میں اے سی سی ایمرجنگ ٹیمز ایشیا کپ کے لیے بنگلہ دیش روانگی شامل ہے۔ قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کو آئندہ سال آئی سی سی انڈر 19 ورلڈکپ میں شرکت کے لیے جنوبی افریقہ جانا ہے۔

اعجاز احمد کا انتخاب وسیم خان اور مدثر نذر پر مشتمل 2 رکنی کمیٹی نے کیا ہے۔ کمیٹی نے عہدے کے لیے خواہشمند کئی سابق کرکٹرز کے انٹرویوز کے بعد اعجاز احمد کا نام فائنل کیا۔

اعجاز احمد:

اس موقع پر اعجاز احمد کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے اہم ذمہ داریاں سونپے جانے پر ان کا مشکورہوں۔ جونیئر کرکٹ کسی بھی کرکٹ کھیلنے والے ملک کے لیے ریڑھ کی ہڈی سمجھی جاتی ہے۔ انہوں نے کہاکہ اس سطح پر موجود کرکٹرز کو سنیئر ٹیم میں جگہ بنانے کے ساتھ ساتھ عظیم کھلاڑیوں کے نقش قدم پر چلنے کے لیے بھی تیار کیا جاتا ہے۔

اعجاز احمد نے کہاکہ میں اس نئی ذمہ داری کو نبھانے کے لیے پرجوش ہوں اور اپنے تجربے کی بنیاد پر قومی کرکٹ کی بہتری میں کردار ادا کرنے کی کوشش کروں گا۔

مدثر نذر:

اس موقع پر ڈائریکٹر اکیڈمیز پی سی بی مدثر نذر کا کہنا ہے کہ اعجاز احمد ایک قابل کوچ ہیں۔ ویژن اور اسٹریٹجی کے حامل اعجاز احمد ایک محنتی کوچ ہیں۔ انہوں نے کہاکہ اعجاز احمد کھیل پر گرفت اور کھلاڑی کی پہچان کرنے کے حوالے سے جانے جاتے ہیں۔

مدثر نذر نے کہاکہ مجھے اعجاز احمد کی قابلیت پر شک نہیں ، وہ پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے لیے بہترین کوچ ثابت ہوں گے۔ پی سی بی اعجاز احمد کے تجربے کی روشنی میں قومی اور بین الاقوامی کرکٹ کے درمیان فرق کو ختم کرنے کے ساتھ ساتھ نوجوان کھلاڑیوں کو قومی کرکٹ ٹیم میں شمولیت کا موقع دے گا۔

اعجاز احمد کے بارے میں:

- 1986 سے 2001 تک پاکستان کرکٹ ٹیم کی نمائندگی کی
- 60 ٹیسٹ میچوں میں 3315 رنز بنائے
- 250 ایک روزہ میچوں میں 6564 رنز بنائے
- 1983 سے 2007 تک فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلی
- 169 فرسٹ کلاس میچز میں 9889 رنز بنائے
- کوالیفائیڈ لیول 2 کوچ
- 2010 میں آئی سی سی ٹی ٹونٹی ورلڈکپ، ایشیاکپ اور انگلینڈ کے خلاف سیریز میں قومی کرکٹ ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ رہے

- 2010 میں انگلینڈ کے خلاف ٹی ٹونٹی سیریز میں قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ کی حیثیت ذمہ داریاں بھی نبھائیں
- 2011 میں سری لنکا اور زمباوے کے خلاف سیریز میں قومی کرکٹ ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ رہے
- 2009 میں بنگلہ دیش، زمباوے، سری لنکا اور کینیا کے خلاف قومی اے کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ رہے
- 2010میں آئی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ کے لیے قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ رہے

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4